سوال

سوفٹ ویئرز کاپی کرنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ آج ٹیکنالوجی کے دور میں کمپیوٹر کا استعمال بہت زیادہ ہوتا ہے اور اس کو استعمال کرنے کے لئے software کا ہونا لازمی ہے مختلف کمپنیاں software بنا کر بیچتی ہیں جو بہت مہنگے ہوتے ہیں جس کے بنا پر لوگ ان softwares کو copy کر کے بیچتے اور خریدتے ہیں یا torrent کے ذریعے ایک دوسرے کے ساتھ مفت share کرتے ہیں جس کی کمپنی نے اجازت نہیں دی اور کاپی رائٹس محفوظ رکھے ہیں میرا سوال یہ ہے کہ کیا torrent کے ذریعے ایسے share کرنا جائز ہے؟ کیا ایک انجینئر torrent کے ذریعے اپنے لئے ضروری softwares، مثلا MicrosoftWindows,Office,Autocad, انٹرنیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر کے اپنی کمائی کر سکتا ہے؟ برائے مہربانی اس سوال کا مدلل جواب دیجئے

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صورت مسئلہ میں آپ کے لئے ان سوفٹ ویئرز کی کاپی کرنا یا شیئر کرنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ کمپنیوں نے ان کی تیاری پر سرمایہ خرچ کیا ہے اور ان کے جملہ حقوق کمپنی کے نام محفوظ ہیں۔ یہ گویا کہ ان مال تجارت ہے۔ اگر آپ کمپنی کی اجازت کے بغیر یہ کام کرتے ہیں تو آپ کا یہ عمل چوری کے زمرے میں آتا ہے۔ گویا آپ نے کمپنی کا مال تجارت چرایا ہے۔ ہاں البتہ اگر کمپنی خود اس کی اجازت دے دے جیسا متعدد سوفٹ ویئرز میں ہوتا ہے، تو پھر کوئی حرج نہیں ہے۔ ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث